2021年9月27日ジャング紙ラホール版1面

مچھ میں چوکی پر حملہ اہلکار شہید، مستونگ میں داعش کمانڈر مارا گیا

دو افراد زخمی ہوئے، فرنٹیئر کور کی بھرپور جوابی کارروائی، پاک فوج ملک کا امن تباہ کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دیگی، آئی ایس پی آر

ایریا کمانڈر ممتاز پہلوان سانحہ مستونگ، مچھ میں ہزارہ مزدوروں کے قتل عام کا ماسٹر مائنڈ تھا، سر کی قیمت 25 لاکھ مقرر تھی

کوئٹہ/مستونگ (این این آئی/نامہ نگار) مچھ میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کا حملہ ایک اہلکار شہید دو زخمی ہو گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مچھ میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر دہشتگردوں نے حملہ کیا جس کا فرنٹیئر کور بلوچستان کے اہلکاروں نے بھرپور انداز میں جواب دیا، آئی ایس پی آر کے مطابق فائرنگ کے تبادلے میں سپاہی عرفان شہید جبکہ دو اہلکار زخمی ہو گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاک فوج بیرونی عناصر کے اسپانسر شدہ دہشتگردوں کے ایسے بزدلانہ حملوں کو شکست دینے کے لئے پر عزم ہے، دہشتگردوں کو ملک میں مشکلات کے بعد حاصل ہونے والے امن کو کسی صورت سبوتاژ کرنے نہیں دیا جائیگا۔ مستونگ سے نامہ نگار کے مطابق مستونگ کے علاقہ کانک میں سیکورٹی فورسز کے انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن میں کالعدم تنظیم (داعش) کا اہم کمانڈر ممتاز الیاس عرف ممتاز پہلوان مارا گیا جو حکومت بلوچستان اور سیکورٹی فورسز کو سنگین وارداتوں میں مطلوب تھا اور اس کی سر کی قیمت 25 لاکھ روپے مقرر تھی جبکہ سانحہ درینگڑھ خودکش دھماکے اور مچھ میں مزدوروں کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کا ماسٹر مائنڈ بھی تھا۔ اس دھماکے میں میر سراج خان رئیسانی سمیت 186 افراد شہید اور 250 افراد کے قریب زخمی ہوئے تھے سیکورٹی ذرائع اور مقامی انتظامیہ کے مطابق ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب خفیہ اطلاع پر سیکورٹی فورسز نے کانک کے علاقہ کلی محراب میں کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ کے طویل تبادلے کے بعد داعش کے ایریا کمانڈر ممتاز الیاس عرف ممتاز پہلوان کو ہلاک کر دیا جو حکومت اور سیکورٹی فورسز کو صوبے میں کئی سنگین وارداتوں میں مطلوب تھا اور حکومت نے اس کی سر کی قیمت 25 لاکھ مقرر کر رکھی تھی۔ ممتاز پہلوان سیکورٹی فورسز پولیس لیویز اور عام شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ کے علاوہ 13 جولائی 2018 کو مستونگ کے علاقہ درینگڑھ میں نوابزادہ میر سراج خان رئیسانی کے الیکشن مہم کے جلسے میں خودکش حملے کا ماسٹر مائنڈ بھی تھا اس خودکش دھماکے میں میر سراج خان رئیسانی سمیت 186 افراد شہید اور 250 افراد کے قریب زخمی ہوئے تھے۔ علاوہ ازیں اس نے مچھ میں ہزارہ برادری سے تعلق رکھنے والے 10 کے قریب مزدوروں کی ٹارگٹ کلنگ بھی کروائی تھی۔